صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 12 دسمبر 2017ء بمطابق 23 ربیع الاوّل 1439 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پچیس منٹ پر منعقد ہوا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر، مہر تاج روغانی مسند صدارت پر متمکن ہوئیں۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّۃُ الۡکُبۡرٰی ○ یَوۡمَ یَتَذَکَّرُ الۡاِنۡسَانُ مَا سَعٰی ○ وَبُرِّزَتِ الۡجَحِیۡمُ لِمَنۡ یَّرٰی ○ فَاَمَّا مَنۡ طَغٰی ○ وَاٰثَرَ الۡحَیٰوۃَ الدُّنۡیَا ○ فَاِنَّ الۡجَحِیۡمَ ہِیَ الۡمَاۡوٰی ○ وَاَمَّا مَنۡ خَافَ مَقَامَ رَبِّہٖ وَ نَہَی النَّفۡسَ عَنِ الۡہَوٰی ○ فَاِنَّ الۡجَنَّۃَ ہِیَ الۡمَاۡوٰی۔

(ترجمہ): پھر جب وہ ہنگامہ عظیم برپا ہو گا۔ جس روز انسان اپنا سب کیا دھرا یاد کرے گا۔ اور ہر دیکھنے والے کے سامنے دوزخ کھول کر رکھ دی جائے گی۔ تو جس نے سرکشی کی تھی۔ اور دنیا کی زندگی کو ترجیح دی تھی۔ دوزخ ہی اس کا ٹھکانا ہو گی۔ اور جس نے اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے کا خوف کیا تھا اور نفس کو بری خواہشات سے باز رکھا تھا۔ جنت اس کا ٹھکانا ہو گی۔ صَدَقَ اللّٰہُ الۡعَظِیۡم۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ۔ رَبِّ اشْرَحْ لِی صَدْرِی ۙ وَیَسِّرْ لِیٓ اَمْرِی ۙ وَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِی یَفْقَـــھُوْا قَوْلِی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: میڈم سپیکر! کورم پورا نہیں ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: کورم پورا نہیں ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، پورا نہیں ہے تو کاؤنٹ کریں، ہاں، Bell بجائیں۔

(قطع کلامیاں)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: بالکل، نہیں ہوگا تو ایڈجرن کرلیں گے پھر، کوئی بات نہیں ہے۔

(قطع کلامیاں)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: کل میرا دن نہیں تھا، ہمیں لڑائیں نا آپ دونوں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی جا رہی ہیں)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ابھی Bell بج رہی ہے، Sorry، Bell بج جائے تو پھر کاؤنٹ کرلیں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی اور کورم پورا نہیں تھا)

Madam Deputy Speaker: Bells for two minutes.

(اس مرحلہ پر دوبارہ گھنٹیاں بجائی جا رہی ہیں)

Madam Deputy Speaker: Please be seated, we just want to count again; you know, تو اپنی اپنی سیٹ پر بیٹھ جائیں۔ جی مفتی غفور صاحب پلیز۔ جی کاؤنٹ کرلیں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی اور کورم پورا نہیں تھا)

Madam Deputy Speaker: The quorum is not complete. The session is adjourned till 03:00 pm afternoon, Friday.

(اجلاس بروز جمعۃ المبارک مورخہ 15 دسمبر 2017ء بعد از دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہوگیا)